# ترنمول کانگریس بحران کے دہانے پر: باغی اراکینِ پارلیمان کی اکثریت کا دعویٰ، پارلیمانی تقسیم کی کوشش



نئی دہلی، 14 جون (یو این آئی) ترنمول کانگریس کے اندر جاری اقتدار کی کشمکش اتوار کو ایک نازک موڑ پر پہنچ گئی، جب تقریباً 19 سے 20 باغی لوک سبھا اراکینِ پارلیمان نے نئی دہلی میں ایک خفیہ حکمتِ عملی اجلاس منعقد کیا۔ اس گروپ نے لوک سبھا اسپیکر اوم برلا کو مشترکہ درخواست پیش کرنے کی تیاری کی، جس میں خود کو "حقیقی ترنمول کانگریس" قرار دیتے ہوئے ایک علیحدہ پارلیمانی گروپ کے طور پر تسلیم کرنے کا مطالبہ کیا گیا۔

یہ ترنمول کانگریس کی سربراہ ممتا بنرجی کے لیے پارٹی کے قیام کے بعد سے سب سے سنگین اندرونی بحرانوں میں سے ایک سمجھا جا رہا ہے، کیونکہ یہ بغاوت محض اندرونی اختلافات سے آگے بڑھ کر پارلیمانی تقسیم کی شکل اختیار کرسکتی ہے، جس کے قومی سیاست پر گہرے اثرات مرتب ہو سکتے ہیں۔

ذرائع کے مطابق باغی اراکین، جو لوک سبھا میں پارٹی کے 28 رکنی گروپ کی اکثریت پر مشتمل ہیں، ایوان میں علیحدہ نشستوں اور سرکاری حیثیت کے حصول کی کوشش کر رہے ہیں۔ اس دھڑے کی قیادت بار اسات سے رکن پارلیمان کاکولی گھوش دستیدار سمیت سینئر رہنما کر رہے ہیں اور یہ گروپ پارٹی قیادت کی پالیسیوں کے خلاف کھل کر آواز اٹھا رہا ہے۔

ایک باغی رہنما نے اعتماد کے ساتھ کہا کہ "اعداد و شمار ہمارے حق میں ہیں اور ہم اسپیکر کے سامنے ناقابلِ تردید ثبوت پیش کریں گے، "اور اس دعوے کی حمایت میں اراکینِ پارلیمان کے دستخط شدہ خطوط کا حوالہ دیا۔ بغاوت کو اس وقت مزید تقویت ملی جب ترنمول کانگریس کے سینئر رکن پارلیمان سودیپ بندیوپادھیائے نے مرکزی وزیر بھوپیندر یادو سے ملاقات کی، جس میں باغی رکن پارلیمان شتابدی رائے بھی شریک تھیں۔ اس ملاقات کو پارٹی سے باہر ممکنہ سیاسی اتحادوں کا اشارہ سمجھا جا رہا ہے۔ ممتا بنرجی کے قریبی ساتھی اور اہم پارلیمانی رہنما ہونے کے باعث بندیوپادھیائے کی شمولیت اس بات کی علامت سمجھی جا رہی ہے کہ بغاوت کی جڑیں پارٹی کے اندر گہری ہو چکی ہیں۔ اطلاعات کے مطابق باغی دھڑے کی بی جے پی کے سرکردہ رہنماؤں، بشمول وزیر داخلہ امت شاہ، سے بھی بات چیت ہوئی ہے اور وہ اہم قانون سازی کے معاملات میں بی جے پی کی قیادت والی این ڈی اے حکومت کی حمایت کر سکتے ہیں، جس سے پارلیمانی طاقت کا توازن متاثر ہو سکتا ہے۔ آنے والے مانسون اجلاس کے پیشِ نظر اس بغاوت کا وقت بھی نہایت اہم سمجھا جا رہا ہے، کیونکہ این ڈی اے کو ماضی میں آئینی ترامیم کے لیے مطلوبہ اکثریت حاصل کرنے میں مشکلات کا سامنا رہا ہے، اور باغیوں کی حمایت اسے نئی تقویت فراہم کرسکتی ہے۔ دوسری جانب ترنمول کانگریس نے صورتحال پر قابو پانے کے لیے اقدامات شروع کر دیے ہیں۔ باغیوں کے حامی سمجھے جانے والے بعض رہنماؤں کو ان کے عہدوں سے ہٹا دیا گیا ہے اور سینئر رکن پارلیمان سوگتا رائے کو پارلیمانی مشیر مقرر کیا گیا ہے تاکہ پارٹی میں نظم و ضبط بحال کیا جا سکے۔ پارٹی کے وفادار رہنما اس مجوزہ تقسیم کی قانونی حیثیت پر بھی سوال اٹھا رہے ہیں۔

ان کا کہنا ہے کہ انسدادِ انحراف قانون (اینٹی ڈیفیکشن لا) باغی اراکین کے دعوؤں کی راہ میں رکاوٹ بن سکتا ہے اور ان کی نااہلی کا سبب بھی بن سکتا ہے۔ اس دوران جادھوپور سے رکن پارلیمان سایانی گھوش کی خاموشی اور ترنمول کانگریس کی رکن پارلیمان مالا رائے کی دہلی آمد نے سیاسی صورتحال کو مزید پیچیدہ بنا دیا ہے۔ پارلیمان، پارٹی تنظیم اور ممکنہ طور پر آئینی عدالتوں میں بھی تصادم کی تیاریوں کے درمیان ممتا بنرجی کو اپنے سیاسی کیریئر کے سب سے بڑے چیلنج کا سامنا ہے۔ اس بحران کا نتیجہ نہ صرف ترنمول کانگریس کے مستقبل کا تعین کرسکتا ہے بلکہ ایک اہم پارلیمانی اجلاس کے دوران ہندوستان سیاست میں طاقت کے توازن کو بھی نئی شکل دے سکتا ہے۔

# ہندوستانی ملاحوں کی ہلاکت پر مودی کی خاموشی تشویشناک ہے: کھرگے، راہل اور پرینکا



نئی دہلی، 14 جون (یو این آئی) کانگریس صدر ملک ارجن کھرگے، لوک سبھا میں قائدِ حزبِ اختلاف راہل گاندھی اور کانگریس کی جنرل سکریٹری پرینکا گاندھی نے امریکی کارروائی میں تین ہندوستانی ملاحوں کی ہلاکت پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس معاملے پر وزیر اعظم نریندر مودی کی خاموشی قومی مفادات اور ملک کی خودمختاری پر سمجھوتے کی علامت بن گئی ہے۔

کھرگے نے اتوار کے روز سوشل میڈیا پلیٹ فارم "ایکس" پر عمان میں امریکی کارروائی میں ہلاک ہونے والے تین ہندوستانی ملاحوں کے لیے تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ واقعے کے تین دن گزر جانے کے باوجود وزیرِ اعظم مودی کی جانب سے نہ کوئی عوامی بیان جاری کیا گیا ہے اور نہ ہی کوئی تعزیتی پیغام دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس معاملے میں ملک جواب چاہتا ہے اور متاثرہ خاندان انصاف کے حقدار ہیں۔ انہوں نے الزام لگایا کہ حکومت کی خارجہ پالیسی میں قومی مفادات پر سمجھوتہ کیا جا رہا ہے اور "وشوگرو" (عالمی رہنما) کے نعرے کے ذریعے اس حقیقت کو چھپانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ راہل گاندھی نے وزیر اعظم کو "سمجھوتہ پسند وزیر اعظم" قرار دیتے ہوئے کہا کہ غیر ملکی طاقتیں ہندوستانی شہریوں کی جانیں لے رہی ہیں جبکہ حکومت ایک فرمانبردار ملازم کی طرح خاموشی سے احکامات مان رہی ہے۔ انہوں نے بیرونِ ملک پھنسے ہندوستانی شہری کو فوری طور پر وطن واپس لانے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ ہندوستانی شہریوں کو خارجہ پالیسی میں نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ پرینکا گاندھی واڈرا نے کہا کہ امریکی حملے میں تین ہندوستانی ملاحوں کی ہلاکت کے بعد مودی حکومت کی خاموشی شرمناک ہے۔ انہوں نے کہا کہ امریکہ کو واضح طور پر بتایا جانا چاہیے کہ ہندوستان ایک خودمختار اور آزاد ملک ہے اور اپنی خودمختاری کا دفاع کرنا جانتا ہے۔ انہوں نے الزام لگایا کہ سمجھوتہ پسند وزیرِ اعظم نہ تو ملک کے شہریوں کی سلامتی یقینی بنا پا رہے ہیں اور نہ ہی ملک کی خودمختاری کا تحفظ کر پا رہے ہیں۔

# راہل گاندھی کی سالگرہ پر دہلی میں میگا روزگار میلہ 150 کمپنیاں روزگار کے مواقع فراہم کریں گی

نئی دہلی، 14 جون (یو این آئی) انڈین یوتھ کانگریس اور دلی پردیش کانگریس کمیٹی نے اعلان کیا ہے کہ 19 جون کو کانگریس رہنما راہل گاندھی کی سالگرہ کے موقع پر دارالحکومت کے تالکٹورا اسٹیڈیم میں ایک میگا روزگار میلہ منعقد کیا جائے گا۔

یہ معلومات یوتھ کانگریس کے قومی صدر ادے بھانو چب نے اتوار کے روز کانگریس ہیڈکوارٹر، 24 اکبر روڈ میں منعقدہ پریس کانفرنس کے دوران دی۔

چب نے مرکزی حکومت کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ مودی حکومت کے دور میں بے روزگاری اور امتحان کے پرچوں کے لیک ہونے کے واقعات میں مسلسل اضافہ ہوا ہے۔ انہوں نے الزام لگایا کہ بے روزگار نوجوانوں کو روزگار فراہم کرنے کے بجائے مختلف مسائل میں الجھایا جا رہا ہے، جبکہ مسابقتی امتحانات میں پیپر لیک ہونے سے لاکھوں نوجوانوں کا مستقبل متاثر ہوا ہے۔

انہوں نے کہا کہ نوجوان دن رات محنت کر کے امتحانات کی تیاری کرتے ہیں اور ان کے خاندان کوچنگ اور تعلیم پر بھاری اخراجات کرتے ہیں، لیکن آخر کار پیپر لیک جیسے واقعات ان کی محنت کو ضائع کر دیتے ہیں۔

انہوں نے کہا کہ ایسے وقت میں جب حکومت بے روزگاری کا کوئی مؤثر حل پیش نہیں کر پا رہی، یوتھ کانگریس روزگار کے مواقع فراہم کرنے کے مقصد سے یہ میگا روزگار میلہ منعقد کر رہی ہے۔

انہوں نے بتایا کہ 19 جون کو ہونے والے اس پروگرام میں تقریباً 150 کمپنیاں شرکت کریں گی اور اہل امیدواروں کے انٹرویو موقع پر ہی لیے جائیں گے۔ منتخب امیدواروں کو اسی دن آفر لیٹر بھی دیے جا سکتے ہیں۔

چب نے مزید بتایا کہ نوجوانوں کی مدد کے لیے ایک ہیلپ لائن نمبر بھی جاری کیا جائے گا تاکہ روزگار میلے یا آفر لیٹر سے متعلق کسی بھی مسئلے کا حل فراہم کیا جا سکے۔

انہوں نے کہا کہ یہ پہلا ایسا پروگرام نہیں ہے۔ گزشتہ سال بھی تالکٹورا اسٹیڈیم میں منعقدہ روزگار میلے میں تقریباً 18 ہزار نوجوانوں نے رجسٹریشن کرایا تھا، جن میں سے لگ بھگ سات ہزار نوجوانوں کو آفر لیٹر ملے تھے۔ اس کے علاوہ جے پور اور پٹنہ میں بھی اسی نوعیت کے روزگار میلوں کا کامیاب انعقاد کیا جا چکا ہے۔

انہوں نے بتایا کہ روزگار میلے کے لیے آن لائن اور آف لائن دونوں طریقوں سے رجسٹریشن کی جا سکتی ہے۔ دلچسپی رکھنے والے نوجوان انڈین یوتھ کانگریس کی ویب سائٹ پر جا کر فارم بھر سکتے ہیں۔ جو امیدوار پہلے سے رجسٹریشن نہیں کروا سکیں گے، وہ 19 جون کو مقامِ تقریب پر پہنچ کر بھی اپنا اندراج کروا سکتے ہیں۔

جاب فیئر میں رجسٹریشن مکمل طور پر مفت رکھی گئی ہے۔

☆☆

# ملہوترا نے آتشزدگی کے بڑھتے ہوئے واقعات پر تشویش ظاہر کی، عوام سے احتیاط برتنے کی اپیل

نئی دہلی، 14 جون (یو این آئی) دہلی پردیش بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) کے صدر ہرش ملہوترا نے دارالحکومت میں آگ لگنے کے بڑھتے ہوئے واقعات پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے عوام سے احتیاط برتنے کی اپیل کی ہے۔ دہلی کے کالکاجی علاقے میں آج علی الصبح ایک عمارت میں آگ لگ گئی، جس کے باعث اس سے متصل عمارت کو بھی نقصان پہنچا۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی فائر بریگیڈ کی ٹیم موقع پر پہنچی اور آگ پر قابو پا لیا۔ اس دوران دہلی میونسپل کارپوریشن کے وسطی زون کی چیئرپرسن یوگیتا سنگھ بھی موقع پر پہنچیں اور امدادی و بچاؤ کارروائیوں کا جائزہ لیا۔ ملہوترا نے کہا کہ "میں دہلی کے شہریوں کی جانب سے ان فائر فائٹرز کو خراجِ تحسین پیش کرتا ہوں جنہوں نے کالکاجی میں شدید آگ اور پھٹتے ہوئے گیس سلنڈروں کے درمیان دوسری منزل پر پھنسی 75 سالہ بزرگ خاتون کو بحفاظت باہر نکالا۔ "انہوں نے کہا کہ بڑھتی ہوئی گرمی کے باعث کولر، ایئر کنڈیشنر اور مائیکرو ویو جیسے برقی آلات کے استعمال میں اضافہ ہو رہا ہے، جس سے بجلی کے نظام پر بوجھ بڑھ رہا ہے۔ خاص طور پر پرانی بجلی کی تاروں پر اضافی دباؤ خطرناک ثابت ہو سکتا ہے اور یہ ایک تشویشناک صورتحال ہے۔

# تغلق آباد ایکسٹینشن میں آگ لگانے کی سازش کا ہوا انکشاف، چار ملزمان گرفتار

نئی دہلی، 14 جون (یو این آئی) دہلی پولیس نے تغلق آباد ایکسٹینشن میں آگ لگانے کے واقعہ کے سلسلے میں چار افراد کو گرفتار کیا ہے۔ پولیس نے بتایا کہ سی سی ٹی وی کی جانچ کرنے پر ایک کم عمر لڑکی اس واقعہ سے کچھ وقت پہلے عمارت میں جاتی ہوئی دکھائی دی۔ پولیس کے مطابق مزید تفتیش میں گووند پوری کے نوجیون کیمپ کی رہنے والی ایک 17 سالہ لڑکی کی شناخت کے بعد اسے پکڑ لیا گیا۔ پوچھ گچھ کے دوران اس نے بتایا کہ گووند پوری کے گری نگر کی رہنے والی سریتا (27) نے اسے پیٹرول اور ماچس دی تھی۔ اس نے بتایا کہ سریتا نے اسے پیسوں کے تنازعہ کو لے کر عمارت کی پانچویں منزل پر رہنے والے دیپک کے اسکوٹر میں آگ لگانے کے لیے اکسایا تھا۔ اس کے بعد پولیس نے سریتا کو گرفتار کیا۔ پولیس کے مطابق سریتا نے بتایا کہ اس منصوبہ کو گووند پوری کے نوجیون کیمپ کے رہنے والے نرنجن (33) اور اس کے بھائی راجکمار (27) نے بنایا تھا، جو مبینہ طور پر کوئی ذاتی بدلہ لینا چاہتے تھے۔ دہلی پولیس نے کہا کہ آگ جان بوجھ کر لگائی گئی تھی۔ اس معاملے میں نابالغ لڑکی اور تینوں ملزمان کو پکڑ لیا گیا ہے۔ نئی معلومات کی بنیاد پر پولیس نے بھارتیہ نیائے سنہیتا کی اضافی دفعات بھی لگائی ہیں، جن میں مختلف دفعات شامل ہیں۔ معاملے کی مزید تفتیش جاری ہے۔ قابل ذکر ہے کہ 12 جون کو علی الصبح تقریباً 2 بج کر 24 منٹ پر تغلق آباد ایکسٹینشن کی گلی نمبر ایک میں واقع عمارت نمبر آر زیڈ -171/1 میں آگ لگی تھی۔ آگ نے پوری پانچ منزلہ عمارت کو اپنی لپیٹ میں لے لیا تھا۔ اس واقعہ میں کئی لوگ زخمی ہوئے تھے۔

# جے رام رمیش نے مودی سے ٹرمپ کے ساتھ ملاقات میں ملاحوں کی ہلاکت اور تجارتی خدشات کا معاملہ اٹھانے کا مطالبہ کیا

نئی دہلی، 14 جون (یو این آئی) کانگریس کے سینئر رہنما جے رام رمیش نے اتوار کے روز وزیر اعظم نریندر مودی سے مطالبہ کیا کہ وہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے اپنی آئندہ ملاقات میں عمان کے ساحل کے قریب امریکی حملے میں تین ہندوستانی ملاحوں کی ہلاکت کا معاملہ بھرپور انداز میں اٹھائیں اور امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو کی جانب سے وزیر خارجہ ایس جے شنکر کے ساتھ حالیہ گفتگو میں استعمال کی گئی مبینہ دھمکی آمیز زبان پر بھی بات کریں۔

سوشل میڈیا پلیٹ فارم "ایکس" پر اپنی پوسٹ میں رمیش نے کہا کہ ہندوستانی عوام اس بات پر گہری نظر رکھے ہوئے ہیں کہ آیا وزیر اعظم مودی امریکی صدر کے ساتھ اپنی آئندہ ملاقات کے دوران ہندوستان کے تحفظات کو مضبوطی سے پیش کرتے ہیں یا نہیں، جنہیں انہوں نے وزیر اعظم کا "خود ساختہ اچھا دوست" قرار دیا۔ رمیش نے لکھا کہ "وزیر اعظم مودی جلد ہی اپنے خود ساختہ اچھے دوست صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے ملاقات کرنے والے ہیں۔ تمام ہندوستانی شہریوں کے ذہن میں سب سے اہم سوال یہ ہے کہ آیا وزیر اعظم (1) عمان کے ساحل کے قریب ایک جہاز پر امریکی حملے میں تین بھارتی ملاحوں کی ہلاکت پر بھارت کی شدید مذمت کا اظہار کریں گے اور (2) 12 جون 2026 کو امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو کی ایس جے شنکر سے گفتگو میں استعمال کی گئی دھمکی آمیز اور انتہائی ناقابل قبول زبان کا معاملہ اٹھائیں گے۔"

کانگریس رہنما نے امریکہ کے ساتھ جاری تجارتی مذاکرات کے حوالے سے بھی مودی حکومت کو تنقید کا نشانہ بنایا۔ انہوں نے کہا کہ امریکی تجارتی نمائندے جیمیسن گریئر جلد ہی دوطرفہ تجارتی معاہدے پر بات چیت کو آگے بڑھانے کے لیے بھارت کا دورہ کرنے والے ہیں۔

رمیش نے یاد دلایا کہ 3 فروری 2026 کو صدر ٹرمپ نے جس عبوری تجارتی معاہدے کے فریم ورک کا اعلان کیا تھا، وہ ان کے مطابق وزیر اعظم مودی کی خصوصی درخواست پر کیا گیا تھا۔ انہوں نے الزام لگایا کہ اس انتظام کے تحت بھارت نے بڑی رعایتیں دی ہیں۔

انہوں نے کہا کہ "باہمی اور مفید تجارت کے عبوری معاہدے کا فریم ورک صدر ٹرمپ نے اعلان کیا تھا اور ان کے مطابق یہ وزیر اعظم مودی کی خصوصی درخواست پر کیا گیا تھا۔ "انہوں نے مزید دعویٰ کیا کہ یہ معاہدہ اس وقت طے پایا جب وزیر اعظم کو پارلیمنٹ میں کانگریس رہنما راہل گاندھی کی جانب سے چین کے حوالے سے حکومتی پالیسی پر تنقید کا سامنا تھا۔

رمیش کے مطابق مجوزہ تجارتی انتظام بھارت کے زرعی اور صنعتی شعبوں کے لیے خطرناک ثابت ہو سکتا ہے۔ انہوں نے الزام لگایا، "یہ معاہدہ دراصل ایک سودے سے زیادہ لوٹ مار کے مترادف تھا، جس میں مودی حکومت نے یکطرفہ طور پر ایسی بڑی رعایتیں دیں جو ہمارے کسانوں اور صنعتوں کے لیے خطرہ ہیں۔"

کانگریس کے جنرل سیکریٹری نے امریکہ میں حالیہ پیش رفت کا بھی حوالہ دیا اور دعویٰ کیا کہ بعض ممالک نے ٹرمپ انتظامیہ کے ٹیرف نظام کے خلاف قانونی چیلنجز کے بعد ان تجارتی انتظامات پر نظرِ ثانی کی ہے۔

انہوں نے الزام لگایا کہ مودی حکومت تجارتی مذاکرات اور امریکہ سے درآمدات بڑھانے کے مبینہ وعدوں پر خاموش بیٹھی ہوئی ہے۔

رمیش نے کہا کہ "مودی حکومت نہ صرف اس تجارتی معاہدے سے دستبردار ہونے میں ناکام رہی ہے جو کروڑوں بھارتی کسانوں کے مستقبل کو خطرے میں ڈال سکتا ہے، بلکہ وہ اس وقت بھی خاموش اور بے بس بیٹھی ہے جب وزیر خارجہ روبیو یہ اعلان کر رہے ہیں کہ مودی حکومت نے آئندہ پانچ برسوں میں 500 ارب ڈالر مالیت کی امریکی مصنوعات خریدنے کا وعدہ کیا ہے، جو درحقیقت امریکہ سے ہماری سالانہ درآمدات کو دوگنا کر دے گا۔"

انہوں نے نئی دہلی سے سخت مؤقف اختیار کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ حالیہ سفارتی پیش رفت اور تجارتی معاہدے سے متعلق خدشات کے پیشِ نظر امریکی تجارتی نمائندے کے مجوزہ دورے کو ملتوی کر دینا چاہیے۔

انہوں نے کہا کہ "روبیو-جے شنکر گفتگو، امریکی سپریم کورٹ کی جانب سے صدر ٹرمپ کے ٹیرف نظام کو کالعدم قرار دیے جانے اور اس تجارتی معاہدے کی واضح غیر منصفانہ نوعیت کے پیشِ نظر کم از کم بھارت کو امریکی تجارتی نمائندے کے دورے کو مؤخر کر دینا چاہیے۔ "رمیش نے مزید کہا کہ بھارت کو اپنی خودمختاری اور قومی مفادات کے دفاع کے لیے زیادہ مضبوط اقدامات کرنے چاہئیں۔ انہوں نے لکھا کہ "کوئی بھی خوددار قوم اپنی خودمختاری کے دفاع کے لیے محض فون کالز اور پریس بیانات پر اکتفا نہیں کرتی۔ "یہ بیان عمان کے قریب امریکی فوجی کارروائی میں تین بھارتی ملاحوں کی ہلاکت کے بعد امریکہ کے ساتھ تعلقات کے حوالے سے مودی حکومت پر کانگریس پارٹی کی بڑھتی ہوئی تنقید کا حصہ ہے۔ گزشتہ چند دنوں کے دوران کانگریس کے رہنماؤں راہل گاندھی، ملکارجن کھرگے اور پرینکا گاندھی واڈرا نے بھی اس واقعے پر حکومت کے ردِ عمل پر سوالات اٹھائے ہیں، بھارت کی خودمختاری کے مؤثر دفاع میں ناکامی کا الزام لگایا ہے اور ملاحوں کی ہلاکتوں کے ساتھ ساتھ بھارت-امریکہ تعلقات کے وسیع تر رخ پر زیادہ شفافیت اور جوابدہی کا مطالبہ کیا ہے۔

# گجرات اور راجستھان کے درمیان جلد نئی ٹرین سروس شروع ہوگی ویشنو سابرمتی-لال گڑھ ایکسپریس کو ہری جھنڈی دکھائیں گے

نئی دہلی، 14 جون (یو این آئی) گجرات اور راجستھان کے عوام کو جلد ہی ایک نئی ریلوے سروس کا تحفہ ملنے والا ہے۔ موصولہ اطلاعات کے مطابق ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو جلد ہی احمد آباد (سابرمتی) - بیکانیر (لال گڑھ) ایکسپریس کو ہری جھنڈی دکھائیں گے۔ ریلوے ذرائع کے مطابق یہ نئی ایکسپریس ٹرین مغربی ہندوستان کے دو اہم سیاحتی علاقوں کو آپس میں جوڑے گی۔ گجرات کے مشہور سابرمتی ریور فرنٹ، موڈھیرا سورج مندر، پٹن کی رانی کی واؤ اور احمد آباد کے تاریخی ورثے سے لطف اندوز ہونا ہو، یا پھر راجستھان کے شاندار جونا گڑھ قلعہ، کرنی ماتا مندر، تارا گڑھ پیلس اور بیکانیر کی ثقافت اور صحرائی سیاحت کا تجربہ کرنا ہو، یہ ٹرین مسافروں کو ایک آسان اور براہِ راست ریلوے رابطہ فراہم کرے گی۔ ریلوے نے کہا ہے کہ یہ نئی ٹرین گجرات کے احمد آباد، مہسانہ، پٹن اور بناس کانٹھا اضلاع اور راجستھان کے جالور، بالوترا، جودھ پور، ناگور اور بیکانیر اضلاع کے لوگوں کو فائدہ پہنچائے گی۔ اس ٹرین کے اہم اسٹیشن سابرمتی، مہسانہ، پٹن، بھابھر، دھانیرا، رانی واڑا، ماروار بھینمال، موودران، جالور، میکلنسر، سمدڑی، لونی، جودھ پور، گوٹن، میڑتا روڈ، ناگور، نوکھا، بیکانیر اور لال گڑھ ہوں گے۔ ریلوے کے مطابق تقریباً 740 کلومیٹر کا سفر طے کرنے والی اس نئی ٹرین کے آغاز کے ساتھ ہی بیکانیر اور احمد آباد کے درمیان روزانہ ایکسپریس ریل رابطہ قائم ہو جائے گا۔ اس سے طلبہ، ملازمت پیشہ افراد، تاجروں اور سیاحوں کو سفر میں سہولت ملے گی۔ اس کے علاوہ دونوں ریاستوں کی علاقائی ترقی، معاشی سرگرمیوں اور ثقافتی تبادلے کو بھی فروغ حاصل ہوگا۔

## تاریخ میں آج کا دن

نئی دہلی جون 14 (یو این آئی) ہندوستانی اور عالمی تاریخ میں 15 جون کے چند اہم واقعات مندرجہ ذیل ہیں: ۔

1215 ۔ انگلینڈ کے کنگ جان نے میگنا کارٹا امن معاہدے کو منظور کیا۔

1389 ۔ کوسوو کی جنگ میں عثمانیہ سلطنت (ترکی) نے سربیا کو شکست دی۔

1659 ۔ اورنگ زیب نے خود کو دلی کا سلطان اعلان کیا۔

1664 ۔ امریکہ میں نیوجرسی کا قیام عمل میں آیا۔

1762 ۔ آسٹریا میں کاغذی کرنسی کا چلن شروع ہوا۔

1785 ۔ دنیا کا پہلا فضائی حادثہ، غبارے میں سفر کر رہے دو فرانسیسی شہریوں کی موت ہوئی۔

1846 ۔ امریکہ اور برطانیہ نے امریکہ اور کناڈا کے درمیان سرحدی تنازعے کے مدنظر معاہدہ پر دستخط کئے۔

1866 ۔ فارس نے آسٹریا پر حملہ کیا۔

1896 ۔ جاپان کے سانرکو میں شنتو تہوار کے دوران سنامی کے قہر سے 27 ہزار لوگوں کی موت ہوگئی اور نو ہزار زخمی اور 13 ہزار گھر تباہ ہوئے۔

1904 ۔ بھاپ سے چلنے والا جنرل سلوکم نامی جہاز میں آگ لگنے سے نیویارک بندرگاہ پر ڈوب گیا۔ حادثے میں خواتین اور بچوں سمیت 1000 لوگ مارے گئے۔

1908 ۔ کلکتہ شیئر بازار شروع ہوا۔

1919 ۔ برطانوی شہری جان ایلکاک اور آرتھر براون نے بغیر کہیں رکے بحر اٹلانٹک کو طیارے سے پار کیا۔

1929 ۔ بالی وڈ کی مشہور اداکارہ اور گلوکارہ ثریا کی پیدائش ہوئی۔

1931 ۔ پولینڈ اور سوویت یونین نے دوستانہ اور تجارتی معاہدو پر دستخط کئے۔

1937 ۔ سماجی کارکن انا ہزارے کی پیدائش۔

1940 ۔ ہٹلر کے سامنے فرانس کے خودسپردگی کرنے کے بعد جرمن فوج نے پیرس پر قبضہ کیا۔

1940 ۔ سوویت فوج نے لتھوانیا پر قبضہ کیا۔

1947 ۔ آل انڈیا کانگریس نے تقسیم ہند کی برطانوی منصوبہ کی تجویز قبول کی۔

1950 ۔ اسٹیل کنگ کے نام سے مشہور لکشمی متل کی پیدائش۔

1953 ۔ ملک میں ہوائی پروازوں کیلئے انٹرنل ایر روٹ کارپوریشن آف انڈیا کا قیام عمل میں آیا۔

1954 ۔ سوئٹزرلینڈ کے باسیل شہر میں یورپ کی فٹ بال تنظیم یو ای ایف اے (یونین آف یورپین فٹ بال ایسوسی ایشن) کی تشکیل ہوئی۔

1965 ۔ جنوبی افریقہ نے ڈچ مصنوعات کی مخالفت میں کی۔

1966 ۔ امریکہ نے ہندوستان اور پاکستان کو مکمل اقتصادی مدد بحال کی۔

1969 ۔ مشہور سائنس داں ڈاکٹر دارا شا نوشیروان واڈیا کا انتقال ہوا۔

1977 ۔ اسپین میں 1936 کے بعد پہلی مرتبہ آزادانہ انتخابات ہوئے۔

1982 ۔ فاک لینڈ میں ارجنٹینا کی فوج نے برطانوی فوج کے سامنے خودسپردگی کی۔

1986 ۔ کرکٹر کے کے تاراپور کی موت ایک سڑک حادثے میں ہوئی۔

1988 ۔ پاکستان کے صدر جنرل ضیاالحق نے ملک میں اسلامی شرعی قانون نافذ کیا۔

1988 ۔ ناسا نے خلائی گاڑی ایس۔ 213 لانچ کیا۔

1990 ۔ پنجاب سرکار نے 1984 کے آپریشن بلواسٹار کے بعد سکھوں کے مقدس گولڈن ٹمپل سے ضبط کی گئی سونے اور دیگر قیمتی اشیاء واپس کیں۔

1991 ۔ پنجاب میں سکھ شدت پسندوں نے ووٹنگ کے دن لوگوں میں خوف پیدا کرنے کیلئے دو ٹرینوں میں دھماکے کر کے 76 لوگوں کو ہلاک کر دیا۔

1997 ۔ آٹھ مسلم ممالک نے استنبول میں ڈی۔ 8 نامی ایک تنظیم بنائی۔

2005 ۔ جمائیکا کے آصفہ پاویل نے ایتھنز میں 8.77 سیکنڈ میں 100 میٹر تیز دوڑ میں نیا عالمی ریکارڈ بنایا۔

2006 ۔ رائے شماری کے بعد سربیا نے مانٹے نیگرو کو آزاد اعلان کیا۔

2014 ۔ جوآن مینوئل سینٹوس کولمبیا کے دوسری مرتبہ صدر منتخب ہوئے۔

